# "تعلیم اور شراکت کے پیکج" (Bildungs- und Teilhabepaket) سے ملنے والے فوائد

جس سے
بچوں، نوجوانوں اور جوانوں کو
تعلیمی اور سماجی میدان میں شرکت کے بہتر مواقع ملیں گے۔

## اپنے بچوں کے لئے ان مراعات سے فائدہ اٹھائیں

سکول کی ضرورت کی چیزوں کی ادائیگی دو قسطوں (70 یورو اور 30 یورو) میں خود بخود آپ کے اکاؤنٹ میں ہو جائے گی۔
جس کو رہائش کا الاؤنس (Wohngeld) یا بچوں کا اضافی الاؤنس (Kinderzuschlag) ملتا ہے اس کو سکول کی ضرورت کی چیزوں کے الاؤنس کے بارے میں درخواست دینے کے لئے خود ہی خط مل جائے گا۔

**پڑھائی میں مدد/ٹیوشن** کے اخراجات بھی مل سکتے ہیں۔ اس کے لئے متعلقہ استاد سے تحریری وجہ لینا ضروری ہے۔

آپ متعلقہ معلّم/معلّمہ سے بات کریں کہ کیا آپ کے بچوں کو کوئی مالی امداد مل سکتی ہے، اور پھر اس کے ساتھ مل کر مالی امداد کی درخواست دیں۔

**ڈے ٹرپ (ایک دن کی پکنک) یا کلاس ٹرپ** کے اخراجات بھی مل سکتے ہیں۔ جو نہی اس بارے میں ساری معلومات (جیسے تاریخ، عرصہ، اخراجات) ملیں، تو آپ اخراجات کی منظوری کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**طالبعلموں کو سکول کے سفر کے اخراجات** بھی مل سکتے ہیں جس میں سے 5 یورو ماہانہ تک آپ کو خود دینے ہوں گے۔ اس کے لئے درخواست دینا ضروری ہے۔

## آپ کہاں مالی امداد کی درخواست دے سکتے ہیں؟

اگر آپ کو سوشل امداد (بے روزگاری الاؤنس II/ مالی سوشل ہیلپ (Arbeitslosengeld II/Sozialgeld) جاب سینٹر سے ملتی ہے تو آپ جاب سینٹر کے متعلقہ دفتر میں درخواست دیں گے۔
ضلع کے دفتروں کے پتے ذیل میں درج ہیں:

**Kommunales Jobcenter Kreis Groß-Gerau (AöR)**

**Servicebüro Biebesheim**
**(zuständig für Biebesheim, Gernsheim, Riedstadt, Stockstadt)**
Brunnenweg 1, 64584 Biebesheim

**Servicebüro Mörfelden-Walldorf**
**(zuständig für Mörfelden-Walldorf),**
Farmstraße 17, 64546 Mörfelden-Walldorf

**Servicebüro Rüsselsheim**
**(zuständig für Bischofsheim, Ginsheim-Gustavsburg, Kelsterbach, Raunheim und Rüsselsheim),**
Eisenstraße 40, 65428 Rüsselsheim

**Servicebüro Trebur-Geinsheim**
**(zuständig für Büttelborn, Groß-Gerau, Nauheim, Trebur),**
Wilhelm-Seipp-Straße 15, 64521 Groß-Gerau

**اگر آپ کو سوشل ہیلپ SGB XII کے مطابق ملتی ہے یا سیاسی پناہ گزینوں کو ملنے والی امداد کے قانون (AsylbLG) کے مطابق ملتی ہے تو ضلعی سوشل سیکیورٹی کا دفتر وہ ادارہ ہے، جہاں آپ درخواست دے سکتے ہیں۔**

**Kreisausschuss des Kreises Groß-Gerau**
**Fachdienst Allgemeine Soziale Hilfen**
Wilhelm-Seipp-Straße 4, 64521 Groß-Gerau,
Tel. 06152 989-364

**اگر آپ کو بچوں کا اضافی الاؤنس بچوں کے الاؤنس (کنڈر گیلڈ) کے وفاقی قانون (BKGG) کے مطابق ملتا ہے یا رہائش کا الاؤنس (Wohngeld) رہائش کے قانون (WoGG) کے مطابق ملتا ہے تو ضلع کا رہائش کا الاؤنس دینے والا دفتر (Wohngeldbehörde) آپ کا وہ متعلقہ ادارہ ہے، جہاں آپ درخواست دے سکتے ہیں۔**

**Kreisausschuss des Kreises Groß-Gerau**
**Wohngeldbehörde**
**Sachgebiet Bildung und Teilhabe**
Heimstraße 7 (Bitte an der Tür klingeln)
64521 Groß-Gerau
Tel. 06152 989-554

## "تعلیم اور شراکت کا پیکج" ( Bildungs- und Teilhabepaket) کیا ہے اور کس کو اس سے فائدہ حاصل ہو سکتا ہے؟

کم آمدنی والے خاندان یا ایسے خاندان جن کی کوئی آمدنی نہیں ہے اپنے بچوں کے لئے مالی امداد حاصل کر سکتے ہیں، تاکہ وہ بہتر تعلیم کے مواقع حاصل کر سکیں اور کھیلوں اور فارغ اوقات میں تفریحی مشاغل میں بھی بہتر طور پر حصّہ لے سکیں۔

مثال کے طور پر ایسے خاندان یہ فوائد حاصل کرنے کے مستحق ہیں، جو ذیل میں درج جگہوں میں سے کسی ایک جگہ سے سوشل ہیلپ لیتے ہیں۔

- جاب سینٹر سے (بے روزگاری الاؤنس II/مالی سوشل ہیلپ Arbeitslosengeld II /Sozialgeld )
- ضلعی سوشل سیکیورٹی آفس سے (سوشل ہیلپ یا سیاسی پناہ گزینوں کو ملنے والی امداد (Sozialhilfe/Asylbewerberleistung
- رہائش کا الاؤنس دینے والے دفتر سے (الاؤنس یا وفاق سے بچوں کا اضافی الاؤنس (Wohngeld/Kinderzuschlag des Bundes )

وہ خاندان بھی اس امداد کے مستحق ہیں جن کی آمدنی کی حد SGB11 کے مطابق سوشل ہیلپ کی طے کردہ شرح سے تھوڑی سی زیادہ ہو۔

اسی طرح 25 سال کی عمر تک کے وہ نوجوان یہ فوائد حاصل کرنے کے مستحق ہیں، جو کسی عام سکول یا پیشہ وارانہ سکول میں جاتے ہوں اور ان کو کسی طرح کا کوئی تعلیمی وظیفہ نہ ملتا ہو۔

پتہ لگائیں کہ کیا آپ کو جو سوشل ہیلپ ملتی ہے، اس کے ساتھ آپ کو یہ لینے کا حق حاصل ہے!
آپ کس دفتر میں مالی امداد کے لئے درخواست دے سکتے ہیں، اس کی تفصیلات آپ کو اس پرچے کے آخر میں ملیں گی۔

اگر آپ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں تو آپ سکول، سکول کے سوشل ورک یا Kita سے رابطہ کر سکتے ہیں۔
آپ کے شہر کی انتظامیہ کا دفتر (Stadtverwaltung) اور ضلعی انتظامیہ کا دفتر (Kreisverwaltung) بھی آپ کی اس سلسلے میں بخوشی مدد کریں گے۔

## آپ کو کونسی مراعات مل سکتی ہیں؟

**آپ کو کھیل، ثقافتی پروگراموں اور تفریحی مشاغل میں حصّہ لینے کے لئے فی بچہ ماہانہ 10 یورو مل سکتے ہیں تاکہ آپ کسی ایسوسی ایشن کی ممبر شپ فیس، موسیقی کے سکول کی فیس یا تفریحی مشاغل میں شرکت کی فیس ادا کر سکیں۔** اسی طرح مثال کے طور پر سپورٹس کے لئے ضروری جوتوں کی قیمت بھی مل سکتی ہے۔

اپنے بچے کے ساتھ مل کر کوئی مناسب تفریحی مشغلہ تلاش کریں!

**نرسری (Kindertagesstätte)، سکول، سکول میں بچے کی دیکھ بھال کی خدمات (Schulkinderbetreuung) اور سکول کے بعد بچے کی دیکھ بھال کے ادارے (Hort) میں دوپہر کے کھانے کا خرچ بھی اٹھایا جا سکتا ہے!**
**تاکہ** آپ کا بچہ دوپہر کے گرم کھانے میں باقاعدگی سے شامل ہو سکے، اس کے لئے آپ کو خود فی دوپہر کا کھانا صرف ایک یورو ادا کرنا ہو گا۔

آپ نرسری (Kindertagesstätte)، سکول، سکول میں بچے کی دیکھ بھال کی خدمات (Schulkinderbetreuung) اور سکول کے بعد بچے کی دیکھ بھال کے ادارے (Hort) کے متعلقہ کارکن سے اس بارے میں بات کریں۔

**سکول کی ضرورت کی چیزوں کے لئے یک مُشت 100 یورو مل سکتے ہیں۔**
نئی کلاس کے آغاز پر کلاس کے معلّم اس بارے میں معلومات دیں گے کہ آپ کے بچے کو کن چیزوں کی ضرورت ہے۔